یوسف طاہر قریشی

منقبت حضرت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ

زباں پہ ذرّے ذرّے کے حکایتیں حسینؓ کی
شجاعتیں حسینؓ کی، شہامتیں حسینؓ کی

حسینؓ ایک حسین عکسِ حسنِ روئے مصطفیٰ
ہے پھول پھول جانتا صباحتیں حسینؓ کی

محاسن و فضائلِ حسینؓ کا بیان کیا
خرد خجل ہے دیکھ کے فراستیں حسینؓ کی

منافقوں نے دوستی کے بھیس میں دغا کیا
گھٹا سکا نہ کوئی مگر فضیلتیں حسینؓ کی

وقارِ عظمتِ بشر کی جستجو کے واسطے
نثار کربلا میں ہوئیں خواہشیں حسینؓ کی

رہی ہیں یاد سنّتیں رسول کی نفَس نفَس
نبی کے دیں کے ساتھ تھیں محبتیں حسینؓ کی

بڑے تپاک سے حسینؓ کو گلے لگا لیا
اَجل کو بھی لُبھا گئیں عبادتیں حسینؓ کی

اجل کے سامنے بھی وہ رہے ہیں ''قائم الصلوٰۃ''
ہیں رہنما ہمارے لیے سنّتیں حسینؓ کی

ستم ستم تھا کربلا ، لہو لہو حسینؓ تھے
رقم ہوئی ہیں خون سے شہادتیں حسینؓ کی

وہ طاہر و طہور تھے ، غیُّور تھے جسُور تھے
شہادتوں کی پیشوا ہیں غیرتیں حسینؓ کی